# مریضوں کے لیے نوٹس

آپ نفسیاتی ہسپتال کے مریض ہیں۔ آپ کو اپنی ضروریات کے مطابق محفوظ اور قابل احترام نگہداشت کا حق حاصل ہے۔ آپ کی مدد کرنے کے لیے یہاں عملہ موجود ہے اور یہ آپ کے ساتھ عزت سے پیش آئیں گے۔

اگر آپ کے اپنی نگہداشت، اپنی قانونی حیثیت، یا اپنے حقوق کے حوالے سے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم ہسپتال کے عملے کے کسی رکن سے پوچھیں۔

(Mental Hygiene Legal Services) ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز (MHLS) ایک خود مختار عدالتی ایجنسی ہے جو آپ کے حقوق کی حفاظت کرنے کے لیے یہاں موجود ہے۔ MHLS درج ذیل کام کر سکتی ہے:

- آپ اور آپ کے خاندان کے قانونی سوالات کا جواب دینا
- آپ کے علاج یا ہسپتال میں داخلے کے حوالے سے درپیش مسائل کے سلسلے میں آپ کی مدد کرنا
- اگر ضرورت ہو تو عدالت میں آپ کی نمائندگی کرنا۔

اگر آپ اپنے ہسپتال میں داخلے یا علاج کے حوالے سے عدالتی سماعت رکھنا چاہتے ہیں، تو آپ، یا آپ کی جانب سے کوئی اور شخص، ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز سے ٹیلی فون پر یا انہیں براہ راست خط لکھ کر رابطہ کر سکتا ہے یا عملے سے درخواست کر سکتا ہے کہ وہ آپ کے لیے یہ انتظامات کر دیں۔

---

مقامی MHLS سے رابطہ کی معلومات

# مریضوں کے حقوق سے متعلق عمومی بیان

اگر بصورت دیگر وضاحت نہ کی جائے، تو آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں

(1) ایک محفوظ اور صاف ستھرا ماحول؛

(2) ایک متوازن اور غذائیت سے بھرپور غذا؛

(3) مناسب ذاتی لباس؛

(4) مذہبی رسومات کی انجام دہی؛

(5) ملازمین یا دیگر رہائشیوں کی جانب سے بدسلوکی اور نامناسب رویے سے حفاظت؛

(6) مناسب صفائی ستھرائی اور ذاتی حفظان صحت کا سامان؛

(7) کپڑوں اور دیگر ذاتی اشیاء کے لیے معقول حد تک محفوظ اسٹوریج اسپیس؛

(8) سونے، نہانے اور بیت الخلاء کے مقامات پر مناسب حد تک پرائیویسی؛

(9) مناسب اوقات میں ملنے کے لیے آنے والے افراد سے ملاقات کرنے کا حق، اُن اہلِ خانہ اور دیگر بالغ افراد کو اجازت دینے کا حق جنہیں ملاقات میں ترجیح دی جائے گی، ملاقات کے وقت پرائیویسی دینے کا حق، اور ادارے کے اندر یا باہر افراد سے آزادانہ طور پر رابطہ کرنے کا حق؛

(10) مناسب طبی نگہداشت؛

(11) ایک انفرادی علاج یا سروسز کا منصوبہ اور اس منصوبے کی تیاری میں شریک ہونے کا حق جس میں آپ (اگر آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے) کو اپنے لیے کسی اور اہم فرد، بشمول کوئی رشتہ دار، قریبی دوست یا آپ کی بہبود کے لیے خواہاں فرد کی درخواست کرنے کا موقع دینا بھی شامل ہے، کہ وہ اس منصوبے کی تیاری میں شریک ہو سکیں، البتہ جامع نفسیاتی ایمرجنسی کے پروگرامز میں اس سہولت کے ذریعے جہاں تک ممکن ہو گا اس اہم فرد کو شرکت کا موقع دیا جائے گا؛ اور

(12) جب آپ داخل ہوں گے اور اگر آپ کی حیثیت میں تبدیلی آئے گی تو آپ کو اپنی قانونی حیثیت اور حقوق کے حوالے سے ایک تحریری نوٹس بھجا جائے گا۔ آپ ہسپتال کے عملے یا ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز سے اضافی نقول طلب کر سکتے ہیں۔

(13) آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے کوئی بھی سوالات یا شکایات ہسپتال کے ڈائریکٹر (یا سوالات یا شکایات سننے کے لیے مقررہ فرد)، ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس، اس ہسپتال کے بورڈ آف وزٹرز (اگر قابل اطلاق ہو)، اور خصوصی ضروریات کے حامل افراد کے تحفظ کے لیے جسٹس سنٹر تک پہنچا سکیں۔ آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ ہسپتال سے باہر افراد سے آزادانہ طور پر رابطہ کریں، اور کسی وکیل سے مشورہ کریں اور ان کی مدد حاصل کریں۔ آپ کے ڈسچارج ہونے سے پہلے، ہسپتال کو لازمی ہسپتال سے باہر آپ کی نگہداشت اور علاج کی منصوبہ بندی اور انتظام کرنے میں آپ کی مدد کرنی چاہیے۔

**داخلہ، قیام اور ریلیز کے حوالے سے قانونی طریقہ کار کا خلاصہ**

ہنگامی داخلہ

اگر اس ہسپتال کے عملے میں شامل کوئی ماہر نفسیات اور کوئی اور معالج یہ فیصلہ کریں کہ آپ کو فوری نگرانی، نگہداشت اور علاج کی ضرورت ہے، تو آپ کو آپ کی آمد کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ 15 دن تک ہسپتال میں رکھا جا سکتا ہے۔ ان 15 دنوں کے اختتام تک، ہسپتال کو لازمی یا تو آپ کو ریلیز کرنا ہو گا، آپ کی حیثیت کو غیر رضاکارانہ میں تبدیل کرنا ہو گا، یا آپ سے رضاکارانہ یا غیر رسمی مریض کے طور پر رہنے کی درخواست کرنی ہو گی۔ اگر آپ، یا آپ کی جانب سے کام کرنے والے لوگ، یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو فوری نگرانی، نگہداشت اور علاج کی ضرورت نہیں ہے، تو آپ یا وہ عدالت میں سماعت کے لیے تحریری درخواست دے سکتے ہیں، جو پانچ دن کے اندر منعقد کی جائے گی۔

غیر رضاکارانہ داخلہ

اگر آپ کو ایک معائنہ کرنے والے ڈاکٹر اور ایک معائنہ کرنے والے نفسیاتی نرس پریکٹیشنر (یا دو معائنہ کرنے والے ڈاکٹرز) کے سرٹیفکیٹس کی بنیاد پر غیر رضاکارانہ مریض قرار دیا جائے، تو آپ کو داخلے کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ 60 دن تک ہسپتال میں رکھا جا سکتا ہے۔ اگر آپ، یا آپ کی جانب سے کام کرنے والے لوگ، یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو غیر رضاکارانہ نگہداشت اور علاج کی ضرورت نہیں ہے، تو آپ یا وہ عدالت میں سماعت کے لیے تحریری درخواست دے سکتے ہیں۔

ان 60 دنوں کی مدت کے اختتام تک، یا تو ہسپتال کو آپ کو لازمی ریلیز کرنا ہو گا، آپ سے رضاکارانہ یا غیر رسمی مریض کے طور پر رہنے کی درخواست کرنی ہو گی، یا آپ کو ہسپتال میں رکھنے کے لیے عدالت سے حکم جاری کرنے کی درخواست کرنی ہو گی۔ چاہے عدالت میں جب بھی درخواست دی جائے، آپ کو سماعت کا حق حاصل ہوتا ہے۔ پہلے حکم کے مطابق آپ کو زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک ہسپتال میں رکھا جا سکتا ہے، دوسرے حکم کے مطابق زیادہ سے زیادہ ایک سال تک، اور تیسرے اور اس کے بعد کے احکامات کے مطابق ہر بار زیادہ سے زیادہ دو سال تک رکھا جا سکتا ہے۔

رضاکارانہ داخلہ

اگر آپ نے رضاکارانہ داخلے کی درخواست پر دستخط کیے ہیں، یا اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ کے لیے درخواست پر دستخط کیے گئے ہیں، تو آپ رضاکارانہ حیثیت کے مریض شمار ہوں گے۔ اگر آپ ہسپتال سے ڈسچارج ہونا چاہتے ہیں تو آپ کسی بھی وقت ہسپتال کے عملے کو تحریری طور پر اطلاع دے سکتے ہیں۔ اس کے بعد ہسپتال کو آپ کو فوراً ریلیز کرنا ہو گا، بصورت دیگر اگر ہسپتال کے ڈائریکٹر کا خیال ہو کہ آپ کو مزید قیام کرنے کی ضرورت ہے—تو اس صورت میں، ان کے پاس 72 گھنٹے ہوں گے کہ وہ آپ کو ہسپتال میں رکھنے کے لیے عدالت سے حکم جاری کرنے کی درخواست کریں

**باز ادائیگی**

آپ، اور آپ کا ہیلتھ انشورنس فراہم کنندہ، قانونی طور پر نگہداشت کے اخراجات کی ادائیگی کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں، آپ کے شریک حیات، بعض صورتوں میں، اگر آپ کی عمر 21 سال سے کم ہے تو آپ کے والدین، اور اگر قابلِ اطلاق ہو، تو آپ کے سرپرست یا آپ کی کفالت کے لیے قائم کردہ ٹرسٹ فنڈ کے متولی بھی اس کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں۔ ادائیگی کی عدم استطاعت کی صورت میں ہسپتال فیس معاف یا کم کر سکتا ہے۔ جو شخص بھی اخراجات کی معافی یا کمی کے لیے درخواست دے، اسے ادائیگی کی استطاعت کے تعین کے سلسلے میں مالی تحقیقات میں لازمی طور پر تعاون کرنا ہو گا۔ کوئی بھی شخص نیو یارک ریاست CHAMP پروگرام سے رابطہ کر سکتا ہے تاکہ انشورنس کے معاملات میں رہنمائی حاصل کرے یا علاج سے متعلق انشورنس سے انکار کے خلاف اپیل کر سکے؛ CHAMP سے 888-614-5400 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔